# 19-01-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی ورلڈ اکنامک فورم اجلاس میں شرکت کیلئے وفد کے ہمراہ سوئزرلینڈ روانہ ہوا۔

۲۔ میڈارم میں منعقدہ کابینہ اجلاس میں حیدرآباد میٹرو ریل منصوبے کی توسیع کے کاموں میں تیزی لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

۳۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں بلدیات ک تحت خواتین سیلف ہلپ گروپس کو پانچ ہزار کروڑ روپے کا بلاسودی قرضے فراہم کیا جارہا ہے۔

۴۔ متحدہ عادل آباد ضلع کے انچارج وزیر جوپلی کرشناراؤ نے کہا ہے کہ صنعتی ضروریات کے مطابق نوجوانوں کوتربیت فراہم کرکے روزگار کے مواقع بڑھانے کے مقصد سے ہرحلق اسمبلی میں ایک اے ٹی سی قائم کیا جارہا ہے۔

Bhatti

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں بلدیات کے تحت خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو پانچ ہزار کروڑ روپے کا بلاسودی قرض فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شعبہ زراعت سے متعلق حکومت نے ابھی تک 73 ہزار 152 کروڑ روپے خرچ کیئے ہیں۔ انہوں نے کھمم ضلع کے وندنم میں لفٹ اریگیشن کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر یہ بات کہی۔

Sound Byte Bhatti

Minister Komatireddy Venkat Reddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ضلع نلگنڈہ میں واقع مہاتما گاندھی یونیورسٹی میں نئے فارمیسی کالج کی منظوری عمل میں آئی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دور میں منظورہ اِس یونیورسٹی میں

نئے کورسس کیلئے حکومت سے بات چیت کے فوری بعد فارمیسی کورس کے ساتھ پچاس سے زائد نئی جائیدادوں پر بھرتی کو حکومت نے منظوری دے دی۔

Sound Byte Venkat Reddy

Jupally Krishna Rao

متحدہ ضلع عادل آباد کے انچارج وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے بتایا ہے کہ صنعتوں کی ضرورت کے مطابق نوجوانوں کو تربیت دیتے ہوئے روزگار کے مواقعوں میں اضافہ کے مقصد سے ہر حلقہ میں ایک اے ٹی سی کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔انہوں نے منچریال ضلع کے چنور میں 47 لاکھ سے زائد کی لاگت سے تعمیر کروائے جانے والے اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹر کا ایک اور وزیر وویک ونکٹ سوامی کے ساتھ مل کر سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر انہوں نے خطاب کیا۔

Sound Byte Jupally Krishna Rao

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم اور علاج کی فراہمی ہی حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے آج ناگر کرنول ضلع کے دورہ کے موقع پر 22 کروڑ روپے مالیتی ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح انجام دیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا

Sound Byte Damodar Raja Narasimha

اس تقریب میں رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر ملوروی، رکن قانون ساز کونسل دامودھر ریڈی، ارکانِ اسمبلی ڈاکٹر راجیش ریڈی، ڈاکٹر ومشی اور دوسرے موجود تھے۔

CM - Madaram

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے میڈارم میں ونا دیوتا کے گدوں کا ترقیاتی کاموں کے بعد دوبارہ افتتاح

انجام دیا۔ بعدازاں انہوں نے اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ ونا دیوتا سمکا سارالماں کی خصوصی پوجا کی ۔انہوں نے اپنے نواسہ کے ساتھ مل کران کے ہم وزن گڑ جسے سونا کہا جاتا ہے پیش کیا۔اس موقع پر ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ، وزرااورارکانِ اسمبلی بھی موجود تھے۔

Cabinet Meeting

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کل رات میڈارم میں کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سال 23 جولائی سے 3 اگست تک گوداوری پشکرالوکوشانداراندازمیں منعقدکیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے ابھی سے منصوبہ بندی شروع کرنے کی ہدایت حکام کو دی گئی ہے۔کابینہ نے فیصلہ کیا کہ باسر سے بھدراچلم تک دریائے گوداوری کے کنارے واقع تمام اہم اورقدیم مندروں کی ہمہ جہتی ترقی کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کیا جائے۔آئندہ سال پشکرالو کے پیش نظر ماحولیاتی سیاحت کوفروغ دینے کے لیے کابینہ کی ایک ذیلی کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے۔اسی طرح تلنگانہ ریاستی کابینہ نے حیدرآباد میٹرو ریل منصوبے کی توسیع کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔میٹرو ریل فیز 2 کے لیے 2 ہزار 787 کروڑ روپے مالیت کے اراضی حصول سے متعلق تجاویز کو کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ کابینہ نے بلدی انتخابات جلدازجلد منعقد کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

Sound Byte  Ponguleti Srinivasa Reddy

T. Harish Rao

سابق ریاستی وزیر ہریش راؤ نے نائنی بلاکس ٹنڈر معاملہ میں اہم ریمارکس کیئے۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے سنگارینی کو کمیشن کے حصہ میں تبدیل کردیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ نائٹ ویزٹ سرٹیفکیٹ کے نام سے نئی پالیسی متعارف کرواتے ہوئے ٹنڈر کے عمل کو واضح کیا جارہا ہے۔ان

قواعد کے تحت ٹنڈر کون ڈال رہا ہے اِس کا قبل از وقت پتہ چلتا ہے اور حکمران جماعت کے قائدین کی جانب سے انہیں دھمکایہ جارہا ہے۔ ہریش راؤ نے یہ بھی الزام لگایا کہ حکومت نے خفیہ طور پر سنگارینی کو خانگیانہ کا معاہدہ کرلیا ہے۔

Sarva bhasha Kavi Sammelan

یومِ جمہوریہ کے موقع پر آل انڈیا ریڈیو کی جانب سے ہر سال منعقد کیا جانے والا ہمہ لسانی کوی سمیلن آج شام حیدرآباد میں واقع تلگو یونیورسٹی کے سوراورم پرتاپ ریڈی آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔اس کوی سمیلن میں میں ملک کی 22 ہندوستانی زبانوں سے منتخب بہترین کلام متعلقہ زبانوں کے شعرا ایک ہی اسٹیج پر پیش کریں گے۔کوی سمیلن کا آغاز 1956 میں ہوا تھا، اور تب سے آل انڈیا ریڈیو اس کے ذریعے قومی یکجہتی، لسانی ہم آہنگی اور تخلیقی اظہار کو ایک ہی پلیٹ فارم پر فروغ دیتا آرہا ہے۔ دہلی میں منعقدہ نیشنل سروا بھاشا کوی سمیلن میں تلگو شاعرہ نندنی سِدھا ریڈی نے شرکت کی اور اپنا کلام میرسی وَال پیش کیا۔آج کی کوی سمیلن میں 22 کلام ہندی تراجم کے ساتھ ساتھ مختلف علاقائی زبانوں میں ترجمہ کرنے والے مترجم شعرا بھی اس کوی سمیلن میں شرکت کریں گے۔اس موقع پر معروف فلمی نغمہ نگار سُدالا اشوک تیجا اور آچاریہ ویلُو دنڈا نتیا نندراؤ بھی تقریب میں شریک ہوں گے۔

DGP shivadhar reddy

ڈائرکٹر جنرل پولیس شیودھر ریڈی نے کہا ہے کہ ملازمین پولیس کے اپنے خاندان کے ساتھ خوشحال زندگی گزارنے کے مقصد سے سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔انہوں نے ورنگل ضلع مامونور ٹی جی ایس پی فورتھ بٹالین میں عہدیداروں اور عملہ کی ضروریات کے مطابق تعمیر کردہ نئے مکانات کا بٹالین کے ایڈیشنل ڈی جی پی سنجے کمار جین کے ساتھ افتتاح انجام دیا۔ڈی جی پی نے بٹالین کے پرانے کوارٹرس کی جگہ نئے مکانات کی تعمیر کی ستائش کی۔

Pradhan Mantri NDRF

وزیراعظم نریندر مودی نے قومی آفاتی سماوی دستہ این ڈی آر ایف کی یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر لکھا کہ آفاتِ سماوی کے موقع پر متاثرین کی جان بچانے کے لئے این ڈی آر ایف کا عملہ چیالنجس سے بھرپور صورتحال میں آرام کئے بغیر خدمات انجام دیتا ہے۔

DAVOS

چیف منسٹر ریونت ریڈی ورلڈ اکنامک فورم اجلاس میں شرکت کیلئے وفد کے ہمراہ سوئزر لینڈ روانہ ہوا۔ چیف منسٹر کل سے چار دنوں تک ڈاؤس میں منعقد ہونے والے اجلاس میں اہم کمپنیوں کے سی ای اوز، بین الاقوامی سرمایہ کاروں، مختلف شعبوں کے ذمہ داران کے ساتھ توسیعی اجلاس منعقد کریں گے۔ ڈاؤس میں تلنگانہ پویلین کے طور پر گوگل، سیلزفورس، یونی لیور، ہنی ویل، ایل اور رئیل، نوواٹیز، ٹاٹا گروپ، ڈی پی ورلڈ، انفوسس، سسکو جیسے اہم اداروں کے سربراہان سے ریونت ریڈی علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کریں گے۔ ساتھ ہی وہ مختلف راؤنڈ ٹیبل کانفرنسوں میں شرکت کریں گے۔ ڈاؤس جانے والے وفد میں چیف منسٹر کے ساتھ ریاستی وزرا سریدھر بابو، پنگولیٹی سرینواس ریڈی کے علاوہ دیگر عہدیداران شامل ہیں۔

Viswanath Karthikeya Bal Award

اپنے غیر معمولی کارنامے سے تاریخ رقم کرنے والے ریاست کے میڑچل۔ملکاجگیری ضلع سے تعلق رکھنے والے وشواناتھ کارتھیکیا کو کھیلوں کے شعبے میں 2025 کا پردھان منتری بال پرسکار حال ہی میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے عطا کیا۔ وشواناتھ نے دنیا کے ساتوں براعظموں کی بلندترین چوٹیوں کو سر کر کے یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔ وشوناتھ ایشیا کی ماؤنٹ ایورسٹ، افریقہ کی ماؤنٹ کلیمنجارو، یورپ کی ماؤنٹ ایلبرس، شمالی امریکہ کی ڈینالی، جنوبی امریکہ کی اکانکاگوا، انتارتیکا کی ماؤنٹ ونسن اور آسٹریلیا

کی ماؤنٹ کوسکی یسکو کی چوٹیوں کو سر کرنے والے کم عمر ترین بھارتی بن گئے ہیں۔ دنیا بھر میں یہ کارنامہ انجام دینے والے کم عمر افراد میں وشواناتھ کا دوسرا مقام ہونا ایک خاص بات ہے۔ وشواناتھ نے سال 2020 میں کووڈ وباء کے دوران صرف 11 برس کی عمر میں کوہ پیمائی کی تربیت حاصل کرنا شروع کی۔ انہوں نے نہرو انسٹی ٹیوٹ آف ماؤنٹینئرنگ سے گھر بیٹھے پانچ ماہ کی تربیت مکمل کی۔ اس سے قبل 17 سالہ کامیاء کارتیکین کے قائم کردہ بھارتی ریکارڈ کو انہوں نے توڑ دیا۔

○○